بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ، گوجرانوالہ

پریس ریلیز نمبر61/23

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ نے امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2023ء کے غیر جانبدار، مستند اور اغلاط سے پاک نتائج کی اشاعت مورخہ 13-09-2023 کو کر دی ہے۔ پرائیویٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈ داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ جات پر ارسال کیے جا رہے ہیں۔ ریگولر امیدواران کے ادارہ جات اپنے الاٹ شدہ Username/Password سے اپنے ادارہ کے رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں جس پر سربراہ ادارہ اپنے دستخط و مہر ثبت کر کے متعلقہ طالب علموں کو وصول کروائیں۔ تاہم کامیاب ہونے والے ریگولر امیدواران کے مفاد کے پیش نظر ان کے رزلٹ کارڈز بھی امسال بورڈ کی طرف سے بذریعہ ڈاک ادارہ سربراہان کو ترسیل کیے جا رہے ہیں۔ جو کہ امیدواران تک پہنچانا سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہوگی۔ ایسے پرائیویٹ امیدواران جنہیں 25-09-2023 تک رزلٹ کارڈ نہ ملیں وہ اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر) سے بالمشافہ یا بذریعہ فون 055-9200751-55 ایکسٹینشن نمبر 175 پر رابطہ کریں اور ایسے امیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا وہ اعتراض کلیئر کروا کر اپنے رزلٹ کارڈ دفتر سے حاصل کریں۔ نیز ایسے امیدواران جن کے ذمہ فیس کے بقایا جات ہیں ان کے رزلٹ کارڈز روک لئے گئے ہیں۔ وہ اپنے بقایا جات جلد از جلد بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروا کر اپنے رزلٹ کارڈ حاصل کریں۔ مزید یہ کہ ایسے امیدواران جنہوں نے مارکس امپروو (Marks Improve) کیے ہیں ان کے رزلٹ کارڈ دفتر ہذا میں روک لیے گئے ہیں تاکہ وہ اپنے سابقہ رزلٹ کارڈز بورڈ کو جمع کروا کر نئے رزلٹ کارڈز حاصل کر سکیں۔

امتحان ہائر سیکنڈری سکول (2nd Annual) 2023ء کے داخلہ فارم جمع کروانے کا شیڈول درج ذیل ہے۔

Date of Commencment of HSSC Part II Composite (2nd Annual) Examination, 2023	**20-10-2023**
Last date of receipt of admission forms with **Singel Fee**	**14-09-2023 To 25-09-2023**
Last date of receipt of admission forms with **Double Fee**	**26-09-2023 To 29-09-2023**
Last date of receipt of admission forms with **Triple Fee**	**30-09-2023 To 03-10-2023**

دستخط۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

۱۔ جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

۲۔ سسٹم اینالسٹ برائے ویب سائٹ

۳۔ داخلی تقسیم

آفس سپرنٹنڈنٹ (اکیڈمک)

مورخہ: 13-09-2023